تشریف لایا تھا۔اس کے علاوہ جرمن سکالراور معروف صحافی بھی دار العلوم تشریف لائے اور حضرت مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویولیا۔ان حضرات کے علاوہ دوخواتین بھی جومختلف اسلامی موضوعات پر پی۔ایچ۔ڈی کررہی ہیں انہوں نے بھی اپنے تھیسز کے سلسلے میں دار العلوم کا دورہ کیااور تفصیلی انٹرویولیا۔

الجزیرہ ٹی وی چینل کے ڈائریکٹر کی دار العلوم آمد:

گزشتہ دنوں معروف عربی انگلش الجزیرہ ٹی وی چینل کے ڈائریکٹر' پروڈیوسر فلریس دار العلوم تشریف لائے۔آپ نے دار العلوم کے مختلف شعبوں کا دورہ کیااور اس میں اپنی گہری دلچسپی ظاہر کی۔اس موقع پر آپ نے حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے ملکی اور عالمی صورتحال پر تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔

نائب مہتمم کی وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے اجلاس میں شرکت:

۱۸۔۱۹رجون ۲۰۰۸ بروز بدھ' جمعرات وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے تین اہم اجلاس جس میں وفاق المدارس کے رکن عاملہ مرکزی وڈپٹی سیکرٹری جنرل حضرت مولانا محمد انوار الحق مدظلہ نے شرکت کی۔۱۸رجون کو صبح پورے ملک کے مسؤلین حضرات اور ظہر کے بعد امتحانی کمیٹی کے اجلاس بھی زیر صدارت شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان منعقد ہوا۔جس میں امتحانی امورٗمدارس کو درپیش اندرونی وبیرونی خطرات اور سازشوں کا جائزہ اس نازک ترین دور میں مدارس کے کردار کے بارہ میں اہم فیصلے کیئے گئے۔

دار العلوم کا ماہانہ جائزہ:

دار العلوم کا ماہانہ جائزہ (امتحانی ٹسٹ) ۵رجون ۲۰۰۸ء کو منعقد ہوا۔جس میں دار العلوم کے درجہ سادسہ تک کے تمام درجات کے طلباء نے شرکت کی۔سخت امتحانی ڈسپلن میں یہ ٹسٹ دار العلوم کے مختلف ہالوں میں لیا گیا۔ دار العلوم میں اس قسم کے ماہانہ امتحانی ٹسٹ گزشتہ کئی برسوں سے تسلسل کے ساتھ لئے جارہے ہیں اوراس کے نہایت ہی مفید نتائج سامنے آرہے ہیں۔

دار العلوم کے نئے کمپیوٹر سیکشن کا آغاز:

الحمدللہ دار العلوم دن بدن اعلیٰ تعلیم وترقی کے مراحل طے گزر رہا ہے۔شعبہ تخصص کے طلباء کرام کے لئے نئی کمپیوٹر کلاسیں بھی باقاعدگی سے شروع ہوگئی ہیں۔جس میں نئے جدید ترین کمپیوٹرز رکھے گئے ہیں۔الحمدللہ یہ دورِ جدید کی تمام نئی سہولیات سے آراستہ وپیراستہ کمپیوٹر لیب ہے۔یادرہے کہ اس سے قبل بھی دار العلوم میں گزشتہ بارہ تیرہ برس سے قائم کمپیوٹر کلاسیں باقاعدگی سے جاری ہیں اوران میں چھوٹے درجات کے طلباء کرام ذوق وشوق سے باقاعدگی کے ساتھ کمپیوٹر کی تعلیم حاصل کررہے ہیں۔